Mayor's Office of Immigrant Affairs

Department of Education

**<u>اکثر پوچھے جانے والے سوالات</u>**

**کیا بغیر دستاویزات والے بچے نیویارک شہر میں اسکول جاسکتے ہیں؟**

جی ہاں۔ ہر بچے کو ایک پبلک اسکول تعلیم کا حق حاصل ہے، نقل وطنی کی صورتِ حال سے قطعہ نظر۔ 4 سال کی عمر یا کیلنڈری سال تک 4 سال کے ہونے والے بچے پری کنڈرگارٹن کے اہل ہیں اور شہر کے تمام مکینوں کو 5 سال کی عمر سے پبلک اسکول میں شرکت کرے کا حق ہے جب تک کہ وہ سندیافتہ نہ ہوجائیں یا اس اسکولی سال کے آخر تک جس میں وہ 21 سال کے ہوجائیں گے۔ DOE نقل وطنی کی صورتِ حال کے بارے میں نہیں پوچھے گا۔ اگر انکو نقل وطنی کی صورتِ حال کے بارے میں پتہ بھی چل جائے تو انکو اسے صیغہ راز میں رکھنا لازمی ہے۔

**اگر میں بغیر دستاویز کے ہوں تو کیا میں اپنے بچے کے اسکول میں جاسکتا ہوں؟**

جی ہاں۔ DOE اسکول میں جانے کے لیے آپکے پاس ایک سرکاری تصویری شناخت ہونا لازمی ہے۔ DOE نیویارک شہر کے ذریعے نیویارک کے تمام مکینوں کو جاری کیے جانے والا مفت میونسپل شناختی کارڈ IDNYC، قبول کرتے ہیں۔ IDNYC نقل وطنی کی حیثیت کی معلومات اکھٹی نہیں کرتا ہے۔ IDNYC کے لیے آپ www.nyc.gov/idnyc پر مفت سائن اپ کرسکتے ہیں۔

**میں ریاستہائے متحدہ کا شہری نہیں ہو۔ کیا مجھے ملک بدری کے بارے میں فکرمند ہونا چاہئیے؟**

نقل وطنی کے قانون پیچیدہ ہوسکتے ہیں اور ہر فرد کی صورتِ حال مختلف ہوتی ہے۔ اگر آپ کو اس بارے میں یقین نہیں ہے کہ حالیہ نقل وطنی کے اعلانات آپکی ریاستہائے متحدہ میں رہنے اور کام کرنے کی اہلیت کو کس طرح متاثر کرتے ہیں، آپکو اپنے متبادلات کے بارے میں جاننے کے لیے ایک نقل وطنی کے وکیل سے بات کرنی چاہئیے۔ 311 کو فون کریں اور اور ایک مفت اور محفوظ قانونی مدد کے "immigration legal help" کہیں۔

**میرا خاندان شام، ایران، سوڈان، سومالیہ، لیبیا یا یمن سے ہے۔ کیا مجھے صدر کے ان ملکوں سے نقل وطنی کے حکمِ امتناعی کے بارے میں فکرمند ہونا چاہئیے؟**

ہر بچے کو پبلک اسکول تعلیم کا حق حاصل ہے، انکے قومی نژاد سے قطعہ نظر۔ صدر کا حکم اس کو تبدیل نہیں کرتا ہے۔ اگر آپ کو اس بارے میں یقین نہیں ہے کہ صدر کے احکامات آپکی یا آپکے اہلِ خانہ کی ریاستہائے متحدہ میں رہنے یا سفر کرنے کی اہلیت کو کس طرح متاثر کرتے ہیں، 311 کو فون کریں اور اور ایک مفت اور محفوظ قانونی مدد کے "immigration legal help" کہیں۔

اگر آپکے خاندان کے کسی فرد کو فی الوقت ائرپورٹ پر روکا گیا ہے یا آپ کسی کو جانتے ہیں جنہیں روکا گیا ہے اور آپکو **فوری مدد** درکار ہے تو ایک رضاکار وکیل سے انٹرنیشنل ائرپورٹ پر ابھی بات کرنے کے لیے 844-326-4940 پر فون کریں۔

**کیا شہر نقل وطنی نافذ کرنے میں حصہ لیتا ہے؟**

شہر نقل وطنی نافذ کرنے کے فعل میں حصہ نہیں لیتا ہے۔ وفاقی حکومت نقل وطنی نافذ کرنے کی ذمہ دار ہے۔ شہر کی رازداری کی پالیسی، جو نقل وطنی کی حیثیت اور دیگر خفیہ معلومات کا تحفظ کرتی ہے، تمام مکینوں، بشمول بغیر دستاویز والے نقل وطنوں کے لیے شہر کو ایک محفوظ اور استقبالیہ جگہ بنانے کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔

**کیا میں مدد کے لیے پولیس کو بلاتے ہوئے محفوظ ہوں؟**

جی ہاں۔ NYPD جرم کے شکار افراد، مشاہدین یا دیگر افراد جو مدد کے لیے بلاتے ہیں ان سے نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں سوال نہیں کرتی ہے۔ کوئی بھی شخص جو کسی جرم یا نفرت کے جرم کا شکار ہوا ہو، انہیں NYPD سے 911 پر رابطہ کرنا چاہئیے۔ NYPD کی ہیٹ کرائم ٹاسک فورس سے براہِ راست رابطہ کرنے کے لیے 5267-610 (646) پر فون کریں۔

Mayor's Office of Immigrant Affairs

Department of Education

**نقل وطنی اور کسٹم نفاذ (ICE) کے متعلق میرے کیا حقوق ہیں؟**

اگر آپکے ICE کے بارے میں تشویشات ہیں یا اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات درکار ہیں یا یہ کہ آپ تیاری کے لیے کیا کرسکتے ہیں، ایک نقل وطنی کے وکیل سے بات کریں۔ متعدد غیرنفعی تنظیمیں نیویارک شہر کے نقل وطنوں کے لیے اعلی معیار کی مفت یا کم قیمت قانونی جانچ فراہم کرتی ہیں جو نقل وطنی قانونی مدد تلاش کررہے ہیں، بشمول ActionNYC پروگرام کے ذریعے۔ 311 کو فون کریں اور ایک مفت اور محفوظ قانونی مدد کے "immigration legal help" کہیں۔

**کیا وفاقی قانون نفاذ افسران بشمول نقل وطنی افسران کو نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت ہے؟**

موجودہ وفاقی پالیسی حساس مقامات پر، جس میں اسکول بھی شامل ہیں، نقل وطنی سے متعلقہ حراست، انٹرویو، تلاشی اور نگرانی کو محدود کرتی ہے۔ وفاقی قانون نفاذ افسران، بشمول نقل وطنی افسران، کو صرف اس صورت میں DOE اسکولوں میں داخل ہونے کے اجازت دی جائے گی جب ایسا قانون کے تحت انتہائی ضروری ہو، اور صرف اسکول کی DOE وکیلوں کے ساتھ مشاورت کے بعد۔ اگر ایک ICE افسر کسی اسکول میں نقل وطنی نفاذ کے مقاصد سے جاتا ہے، اسکول حفاظتی ایجنٹ پرنسپل سے رابطہ کرے گا، جو ICE افسر سے حفاظتی ڈیسک پر ملاقات کرے گا۔ پرنسپل افسر کو ہدایات دیں گے کہ وہ اسکولی عمارت کے باہر انتظار کریں جبکہ پرنسپل DOE وکیلوں سے مشورہ کریں گے۔ پرنسپل DOE وکیلوں سے مشورے کے بعد والدین یا سرپرست کو بھی مطلع کریں گے۔ عام طور پر وفاقی قانون نفاذ افسران کو صرف اسہی صورت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی جب انکے پاس مناسب عدالتی وارنٹس ہوں یا انتہائی غیرمعمولی حالات میں جب کسی نوعیت کی ہنگامی صورت ہو اور فوری قدم اٹھانا درکار ہو۔

**ایسی صورت میں کیا ہوگا اگر ایک بچے کو اسکول سے نہ لے جایا جاسکے کیونکہ اسکے والدین/ سرپرست کو گرفتار/ ملک بدر کردیا گیا ہے؟**

اگر کسی بچے کو اسکول سے نہ لے جایا جاسکے، اسکول معمول کے طریقِ کار کی پیروی کرے گا اور پرنسپل یا نامزد فرد ہنگامی رابطہ معلومات کارڈ پر درج ناموں سے رابطہ کرے گا۔ اگر ایک موزوں وقت کے دوران اسکول کسی سے بھی رابطہ نہ کرسکے، زیادہ تر اسکول اپنے مقامی پولیس پریسنکٹ سے رابطہ کریں گے، جو مناسب اقدامات اٹھائیں گے، جس میں بچے کے گھر کا بہبودی دورہ بھی شامل ہوسکتا ہے۔ اگر پھر بھی کسی تک نہ پہنچا جاسکے، پریسنکٹ بچے کو اپنی نگرانی میں لے گی اور کسی بھی ہنگامی صورت رابطہ فرد سے رابطے کی کوشش کرے گی، یا بچوں کی خدمات کی انتظامیہ (ACS) سے بھی رابطہ کرسکتی ہے۔

**کیا میں اپنے بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کچھ کرسکتا ہوں؟**

اپنے بچے کے اسکول میں ہنگامی صورت رابطہ معلومات کی تجدید کرنے کے لیے وقت نکالیں اور بالغان کے نام اور فون نمبرز شامل کریں (مثلاً، خاندانی ممبران، دوست، بےبی سٹرز، ہمسائے، یا اسکول کے دیگر والدین) جو آپکی غیرموجودگی میں آپکے بچے کو اسکول سے لے جاسکتے ہیں۔ ایسا اپنے اسکول، پری کنڈرگارٹن، چائلڈ کئیر پروگرام اور کسی بھی اسکول بعد پروگرام کے لیے کریں جس میں آپکا بچہ حصہ لیتا ہے۔

**مجھے نقل وطنی کے بارے میں قانونی مدد کہاں سے مل سکتی ہے؟**

نقل وطنی کے قوانین پیچیدہ ہیں۔ آپ اپنے نقل وطنی کے معاملات میں مدد کے لیے ایک قابلِ اعتماد، اہل نقل وطنی کا وکیل تلاش کرسکتے ہیں۔ نقل وطنی کے دھوکوں سے بچیں: کوئی بھی شخص جو وکیل نہیں ہے وہ قانونی مدد فراہم نہیں کرسکتا ہے۔ متعدد غیرنفعی تنظیمیں نیویارک شہر کے نقل وطنوں کے لیے اعلی معیار کی مفت یا کم قیمت قانونی جانچ فراہم کرتی ہیں، بشمول ActionNYC پروگرام کے ذریعے۔

یہ مفت جانچ آپکا ایک اہل نقل وطنی وکیل سے رابطہ کرواسکتی ہے اور آپکو دھوکے سے بچاسکتی ہے۔ 311 کو فون کریں اور "immigration legal help" کہیں۔

**مجھے اور میرے خاندان کے لیے کس نوعیت کی شہری خدمات دستیاب ہیں؟**

شہر کی زیادہ تر خدمات نیویارک کے تمام مکینوں کو دستیاب ہیں، بشمول بغیر دستاویز کے نقل وطن، جیسے اسکول جانا یا طبی نگہداشت کے نظام کو استعمال کرنا یا دیگر خدمات۔ شہر کے ملازمین نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں سوال نہیں کریں گے تاوقتیکہ ایسا کرنا انکے کام کے لیے لازمی ہو۔ انہیں نقل وطنی کی حیثیت خفیہ رکھنی لازمی ہے۔

Mayor's Office of Immigrant Affairs

Department of Education

- IDNYC – IDNYC نیویارک کے تمام مکینوں کے لیے شہر کا شناختی کارڈ ہے۔ IDNYC نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں معلومات جمع نہیں کرتا ہے۔ www.nyc.gov/idnyc پر وقت لیں۔
- **صحتیاتی نگہداشت**
    - کم قیمت ہنگامی اور غیرہنگامی صحتیاتی نگہداشت تمام پبلک ہسپتالوں اور کلینک اور دیگر سستے کلینک پر دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کریں۔
    - NYC Well 200 سے زائد زبانوں میں، کسی بھی وقت ذہنی نگہداشت کے لیے مفت، بصیغہ راز رابطہ ہے۔ NYC-Well-1-888 کو فون کریں، 65173 پر WELL ٹکسٹ کریں یا www.nyc.gov/nycwell پر جائیں۔
- بچوں کی نگہداشت – کم آمدنی والے خاندانوں کے 6 ہفتے سے 12 سال تک کے بچے مفت یا کم قیمت بچوں کی نگہداشت حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کریں۔
- ہنگامی خرد و نوش اور پناہ گاہ – نیویارک شہر میں مقامات ضرورتمند افراد کو مفت کھانا فراہم کرتے ہیں۔ گھر میں قائم (Homebase) پروگرام مکینوں کو پناہ گاہ کے سسٹم میں درج ہونے سے بچا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کریں۔

**میں ایسی صورت میں کیا کروں اگر مجھے محسوس ہو کہ میں یا میرا بچہ امتیازی سلوک یا ایذا دہی کا شکار ہوئے ہیں؟**

نیویارک کے مکینوں کو ملازمت کی جگہ، رہائشی اور پبلک جگہوں بشمول پبلک اسکولوں میں غیرقانونی امتیازی سلوک، انتقام اور ایذا دہی سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے۔ مزید معلومات یا کسی واقعے کی رپورٹ کرنے کے لیے، اسکول کے سب کے لیے احترام (RFA) رابطہ کار سے رابطہ کریں، 311 کو فون کریں یا نیویارک شہر کمیشن برائے انسانی حقوق کی ہاٹ لائن 3131-722 (718) پر رابطہ کریں۔